Principles of Banking (Urdu Medium) - ICom Part 2 Principles of Banking Urdu Medium Chapter 7 Short Questions Test

Q1. غیر تجارتی ادارے کو بنک کے گاہک کی وضاحت کریں.

Ans 1: غیر تجارتی ادارہ جیسے کلب ، ایسوسی ایشن، خیراتی اور سماجی بہبود کے ادارے بی اپنے نام سے بنک میں اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں. ان اداروں کے کھاتوں پر ادارے کے بائی لاز کے مطابق کسی ایک شخص یا اشخاص کو بااختیار بنادیا جاتا ہے.

Q2. ایک بنکار کن وجوہات کی بناء پر گاہک سے تعلق ختم کر سکتا ہے.

Ans 1: 1- گاہک کا پاگل ہوجانا 2- گاہک کا دیوالیہ ہونا 3- بذریعہ عدالت 4- گاہک کی وفات 5- کھاتہ میں رقم کی کمی

Q3. بنک کے گاہک کی تعریف کریں.

Ans 1: بنک کے گاہک سے مراد ایسا شخص ہے جو بنک میں کسی قسم کا حساب رکھتا ہو.

Q4. گاہک بطور قرض خواہ اور بنک بطور مقروض کے تعلق کی وضاحت کریں.

Ans 1: گاہک اور بنک کا بنیادی تعلق گاہک بطور قرض خواہ اور بنک بطور مقروض کا ہے. جب کوئی گاہک اپنا کھاتہ کھول کر رقم جمع کرواتا ہے تو گاہک قرض خواہ اور بنک مقروض ہوتا ہے.کیونکہ گاہک نے بنک سے رقم وصول کرنی ہوتی ہے. اور قرض خواہ کو یہ حق حاصل ہوتا ہے وہ جب چاہے بنک کے قواعد و ضوابط کے مطابق رقم نکلواسکتا ہے.

Q5. سر جان پیجٹ نے بنکار کی تعریف کیسے کی ہے.

Ans 1: بنکار وہ شخص ہے جو حساب جاری کرتا ہے، گاہکوں کے چیک ادا کرتا ہے. اپنے گاہکوں کے چیکوں کی وصولی دوسرے بنکوں سے کرتا ہے'.

Q6. مضارب اور ضارب میں فرق بتائیۓ.

Ans 1: جب کوئی بنک اپنے گاہک کو مضاربہ کے تحت رقم فراہم کرتا ہے تو مضارب اور مضارب کا رشتہ وجود میں آتا ہے. جس میں بنک سرمایہ فراہم کرنے والے کے طور پر ضارب بیت المال اور گاہک ہنر مند کے طور پر عامل کہلاتا ہے.

Q7. ایک گاہک کن وجوہات کی بنائ پر بنکار سے تعلق ختم کرسکتا ہے.

Ans 1: 1- رہائش میں تبدیلی 2- غیر تسلی بخش خدمات

Q8. شراکتی فرم کے بنک کا گاہک بننے کی وضاحت کریں.

Ans 1: کوئی بھی شراکتی فرم بنک میں حساب کھول سکتی ہے. شراکتی فرم کا حساب حصہ داروں کے نام نہیں کھولا جاتا بلکہ شراکتی فرم کے نام کھولا جاسکتا ہے.

عموما چیک پر دستخط کرنے کا اختیار ایک دو حصہ داروں کو دیا جاتا ہے اور وہی بنک سے لین دین کرتے ہیں.

Q9. بنک کے گاہکوں کی اقسام بتائیں.

Ans 1: انفرادی گاہک: شادہ شدہ عورت ، پردہ نشین ، کم سن یا نابالغ

Ans 2: 2- مشترکہ گاہک 3- متولی 4- کاروباری ادارے واحد ملکتیی کاروبار ، شراکتی فرام ، مشترکہ سرمائے کی کمپنی

Ans 3: 5- غیر تجارتی ادارے 6- سرکاری ادارے

Q10. بنکار کی تعریف کریں.

Ans 1: بنک اپنے اور دوسروں کے قرض کا کاروبار کرتا ہے. وہ لوگوں سے ان کی امانتیں وصول کرتا ہے ضرورت مندوں کو قرض دیتا ہے.